سوال

ناحق بددعا کی قبولیت

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اگر کوئی مسلمان کسی مسلمان کو ناحق بددعا دے تو کیا وہ قبول ہوتی ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قبولیت کا معاملہ تو اللہ پر موقوف ہے، وہ چاہے تو قبول کرے، چاہے تو نہ کرے، لیکن کسی بھی مسلمان کے یہ شایان شان نہیں ہے کہ وہ کسی کو بددعا دے۔ نبی کریم کا نمونہ ہمارے سامنے ہے کہ انہوں نے اہل طائف سے پتھر کھانے کے باجود بھی ان کے حق میں ہدایت کی دعا کی۔ لہذا ہمیں بھی رسول اللہ کے اس طریقہ پر عمل کرتے ہوئے صبر و تحمل سے کام لینا چاہئے اور بددعا سے بچنا چاہئے۔ مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دیگر مسلمان محفوظ ہوں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی